سوال

(833) جادو کے علاج کے لیے معوذتین کا وِرد کیسے کرنا چاہیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے ایک اخبار میں جادو کا علاج پڑھا تھا آپ یہ بتا دیں کیا یہ صحیح ہے؟ (۱۲۱، مرتبہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اس طرح پڑھیں کہ دونوں سورتیں پڑھ کر ایک دانہ شمار کریں۔ اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جسم اور پانی پر پھونک مار کر دن رات میں پانچ مرتبہ پئیں۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کریں۔ (ایک سائل) (۱۸ اکتوبر ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معوّذتین کا وِرد اور وظیفہ کرنا واقعہ شیطانی خرافات کا علاج ہے لیکن قراء ت میں یہ گنتی مقرر کرنا شرع میں ثابت نہیں۔ بلا تعیین وِرد جاری رکھیں۔ ہر قسم کی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔ نبی ﷺ سے ثابت ہے کہ رات کو سوتے وقت آپ ﷺ بستر پر بیٹھ کر اور دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان میں معوّذات کی تلاوت کرکے بقدرِ استطاعت سارے جسم پر ہاتھ پھیرتے اور یہ عمل تین دفعہ کرتے۔ اس مقام پر چونکہ گنتی ثابت ہے لہٰذا عمل اس پر ہو گا۔ اور جہاں ثابت نہیں اپنی طرف سے مقرر نہیں کرنی چاہیے۔ نیز ان سورتوں کو پڑھ کر پانی کے بجائے اپنے جسم پر پھونک ماریں، جس طرح کہ آپ ﷺ کی عادت مبارک تھی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:567

محدث فتویٰ